यहाँ से काटिए

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear Here

**Sl.No.:**

नामांक **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 22

No. of Printed Pages - 7

**S-72-Urdu(T.L)(Supp.)**

**SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION,2024**

# URDU
# (Third Language)

Time : 3 : 15 Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لیے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اُس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، اُن حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

## حصّہ (الف) (SECTION-A)

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھیے :

(i) کنھیالال کپور کہاں پیدا ہوئے؟ **[1]**

(A) لاہور میں (B) دہلی میں

(C) لکھنؤ میں (D) جے پور میں

(ii) سید احتشام حسین کب پیدا ہوئے؟ **[1]**

(A) 1970 ء میں (B) 1972 ء میں

(C) 1974 ء میں (D) 1976 ء میں

(iii) ''خدا کے نام خط'' کس زبان کی لوک کہانی ہے؟ **[1]**

(A) چینی (B) جاپانی

(C) اِسپینی (D) تُرکی

(iv) بھیم راؤ امبیڈکر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟ **[1]**

(A) کمہار (B) کہار

(C) سُنار (D) مہار

(v) پروفیسر محمد مجیب نے کتنے ڈارمے لکھے تھے؟ **[1]**

(A) سات (B) آٹھ

(C) نو (D) دس

(vi) بریل ایجاد کرنے والے کا کیا نام تھا؟ **[1]**

(A) لوئی بریل (B) رابرٹ

(C) مائیکل (D) مارکس

(vii) رضیہ سلطان نے کتنے سال حکومت کی تھی؟ [1]

(A) تین سال (B) ساڑھے تین سال

(C) چار سال (D) ساڑھے چار سال

(viii) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟ [1]

(A) نواب علی (B) سعادت علی

(C) آصف الدولہ (D) وزیر علی

(ix) ہم نے گرمی اور روشنی کس سے پائی ہے؟ [1]

(A) سورج سے (B) چاند سے

(C) ستاروں سے (D) زمین سے

(x) نظیرؔ اکبر آبادی کا پورا نام کیا تھا؟ [1]

(A) نذیر احمد (B) خالد حسین

(C) ولی احمد (D) علی احمد

(xi) ''خدائے سُخن'' کسے کہا جاتا ہے؟ [1]

(A) میرؔ کو (B) غالبؔ کو

(C) اقبالؔ کو (D) ساحرؔ کو

(xii) ''اردوِ معلّیٰ'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟ [1]

(A) اقبالؔ کے (B) غالبؔ کے

(C) حبیب تنویر کے (D) ساحرؔ لدھیانوی کے

(xiii) 'پہاڑ نے کسے ڈوب مرنے کو کہا ہے؟ [1]

(A) گائے کو (B) بکری کو

(C) گلہری کو (D) بلّی کو

(xiv) ''گاتا جائے بنجارہ'' کس شاعر کے فلمی گیتوں کا مجموعہ ہے؟ **[1]**

(A) اسمٰعیلؔ میرٹھی (B) اقبالؔ

(C) غالبؔ (D) ساحرؔ لدھیانوی

(xv) بشرؔ نواز کا شعری مجموعہ ہے: **[1]**

(A) بہارِ عشق (B) عودِ ہندی

(C) اجنبی سمندر (D) بالِ جبریل

**2.** مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجیے:

(i) بال و پر _______ کی مشہور کتاب ہے۔ **[1]**

(ii) بھیم راؤ امبیڈکر کا اہم کارنامہ ہمارے مُلک کا_______ ہے۔ **[1]**

(iii) آج کل دنیا کی ہر معلومات________ پر دستیاب ہے۔ **[1]**

(iv) سُنا ہے وزیر علی ذاتی طور سے بہت_______ آدمی ہے۔ **[1]**

(v) تعریف اس خدا کی جس نے ______ بنایا۔ **[1]**

(vi) ہستی اپنی ______ کی سی ہے۔ **[1]**

(vii) کوئی امید ______ نہیں آتی۔ **[1]**

**3.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:

(i) مصنف نے بے تکلف دوست کی کیا مثال بتائی ہے؟ **[1]**

(ii) لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا؟ **[1]**

(iii) انٹرنٹ کا کوئی ایک فائدہ لکھیے۔ **[1]**

(iv) اندھے لوگ سفید چھڑی کیوں رکھتے ہیں؟ **[1]**

(v) رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو کتنے امیروں میں بانٹا تھا؟ **[1]**

(vi) حبیب تنویر کے کسی ایک ڈرامے کا نام لکھیے۔ [1]

(vii) عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟ [1]

(viii) بے چینی کے عالم میں شاعر پر کیا بیت رہی ہے؟ [1]

(ix) غالبؔ کی پرورش کس نے کی تھی؟ [1]

(x) نظم ''قدم بڑھاؤ دوستو!'' کے شاعر کا کیا نام ہے؟ [1]

## حصہ (ب) (SECTION-B)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:

چڑے چڑیا نے کھپریل کے اندر ایک سوراخ میں گھر بنایا۔ تنکوں اور سوت کا فرش بچھایا۔ یہ سوت پڑوس کی ایک بڑھیا کے گھر سے چڑیا لائی تھی۔ وہ بچاری چرخہ کاتا کرتی تھی۔ الجھا ہوا سوت پھینک دیتی تو چڑیا لاتی اور اپنے گھر میں اسے بچھا دیتی۔ خدا کی قدرت، ایک دن انڈا اچھسل کر گر پڑا اور وہ ٹوٹ گیا۔ ایک ہی باقی رہا۔ بچاری چڑیا کو اس انڈے کا بڑا صدمہ ہوا۔ جس دن انڈا گرا ہے تو چڑیا گھونسلے میں تھی۔ چڑا باہر دانہ چگنے گیا ہوا تھا۔

**4.** چڑے چڑیا نے گھر کہاں بنایا؟ [2]

**5.** چڑے چڑیا نے گھر میں کس کا فرش بچھایا؟ [2]

**6.** چڑیا سوت کہاں سے لائی تھی؟ [2]

**7.** انڈا گرا اُس دن چڑا کہاں پر تھا؟ [2]

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً لکھیے:

**8.** صفت کی تعریف لکھیے۔ [2]

**9.** فعلِ حال کسے کہتے ہیں؟ [2]

**10.** محاورہ ''بول بالا ہونا'' کے معنی لکھیے۔ [2]

**11.** مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے: [2]

(i) شکست (ii) شہر

**12.** مندرجہ ذیل مذکر الفاظ کے مونث لکھیے : **[2]**

(i) بیٹا (ii) بادشاہ

**13.** مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھیے : **[2]**

(i) ٹوپی (ii) منزل

**14.** مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے: **[2]**

(i) خوف (ii) جان

**15.** مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامت لکھیے : **[2]**

(i) ختمہ (ii) واوین

حصّہ (ج) (SECTION-C)

**16.** مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجیے: **[3]**

یہ بتانا کٹھن ہے کہ پانچ ہزار برس پہلے یہاں کون لوگ بستے تھے۔ مگر اب بہت سے لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ اِس زمانے سے یہاں دور، دور، کے لوگ آنے لگے۔ اتنا سمجھ لینا مشکل نہیں ہے کہ پہلے دنیا کے زیادہ تر لوگ وحشیوں کی طرح زندگی بسر کرتے تھے اور کھانے پینے کی کھوج میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں مارے مارے پھرتے تھے۔ جانوروں کا شکار کرتے تھے یا درختوں کے پھل، پتّے اور جڑ کھا کر پیٹ بھرتے تھے۔

یا

لیکن حکومت ہاتھ آتے ہی رُکن الدین عیش وآرام میں پڑ گیا۔ اس کی ماں ایک حاسد عورت تھی۔ اس نے دوسری بیگمات اور ان کے بچوں کو طرح طرح سے پریشان کیا۔ وہ سوتیلی بیٹی رضیہ کی مقبولیت سے جلنے لگی۔ مگر جلد ہی رُکن الدین اپنی عیش پسندی اور اپنی ماں کی زیادتیوں کی وجہ سے اس قدر بدنام ہو گیا کہ دلّی کے لوگوں نے اس کو گرفتار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا۔

**17.** سبق ''آدمی کی کہانی '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ **[3]**

یا

سبق ''کاٹھ کا گھوڑا '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

18. مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیا جیے: [3]

(i) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(ii) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی اب کسی بات پر نہیں آتی

یا

مندرجہ ذیل نظم کے اشعار کا مطلب لکھیے اور شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے :

(i) روشِ پرانی چھوڑ کے قدم قدم سے جوڑ کے

(ii) چلے چلو کہ وقت کو تمھارا انتظار ہے نئی نئی بہار ہے

قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

19. نظم ''نیکی اور بدی'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ [3]

یا

نظم ''اے شریف انسانو!'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

## حصّہ (د) (SECTION-D)

20. اسمٰعیل میرٹھی کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے ۔ [4]

یا

اقبالؔ کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے ۔

21. اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو ٹی ۔ سی ۔ (T.C) حاصل کرنے کے لیے ایک درخواست لکھیے ۔ [4]

یا

اپنے دوست کو اُس کے جنم دن پر مبارک باد کا ایک خط لکھیے ۔

22. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھیے ۔ [4]

(i) کسی تاریخی عمارت کی سیر

(ii) عیدالفطر

(iii) تعلیم کی ضرورت واہمیت

✔ ✔ ✔ ✔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE